بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز منگل مورخہ 25/ مئی 2021ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

محکمہ زراعت

☆379 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 13 اکتوبر 2020

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک کے زمینداروں میں سال 2018 تا 2020 کے دوران کل کسقدر زیتون کے درخت تقسیم کیے گئے ان کے نام بمعہ ولدیت تقسیم کردہ درخت کی تعداد اور علاقے کی تفصیل دی جائے۔

وزیر زراعت

اس ضمن میں عرض ہے کہ جناب سیکرٹری زراعت وامداد باہمی کے احکامات کے مطابق ناظم اعلیٰ ایگریکلچر ریسرچ ونگ بلوچستان نے ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ریسرچ ضلع واشک کو پہلے ہی ہدایات جاری کر رکھی ہیں کہ ضلع واشک کے فارمز کی فہرست مرتب کر کے جامع رپورٹ پیش کریں تاکہ ضلع واشک میں زمینداروں اور دیگر فارمز میں زیتون کے درختوں کی تقسیم کیلئے مجموعی تعداد کا تخمینہ لگایا جاسکے اس ضمن میں آئندہ موسم میں ضلع واشک میں زیتون کے درختون کی فراہمی ترجیحی بنیادوں پر کرنے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں یہاں اس امر کا ذکر بھی ضروری ہوگا کہ اس وقت صوبہ بلوچستان کا موسم بہت سرد ہے اور زیتون کے درختوں کو لگانے کیلئے موافق نہیں تاہم ریسرچ ونگ ضلع واشک کیلئے سال 2021 کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام جارہی ہیں علاوہ ازیں محکمہ پاکستان زراعت ریسرچ کونسل اور محکمہ زراعت ریسرچ ونگ بلوچستان کے تعاون سے ضلع واشک میں کچھ زیتون کے درخت لگائے تھے جن پر ڈپٹی ڈائریکٹر ضلع واشک تحقیق کا کام کررہے ہیں تاکہ زیتون کے درخت بڑے پیمانے پر لگانے سے پہلے زیتون کے درختوں کی تمام ممکنہ بیماریوں کے سدباب کیلئے قبل از وقت تیاری مرتب کی جاسکے۔

☆383 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **13 اکتوبر 2020**

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2018 تا 2020 کے دوران ضلع واشک کے کن کن زمینداروں کے حق میں کسقدر پی وی سی پائپ بچھانے کی منظوری دی گی ان کے نام بمعہ ولدیت، علاقہ اور پائپ بچھائی پر آمدہ لاگت کی تفصیل بھی دیجائے

وزیر زراعت

اس ضمن میں تحریر ہے کہ گزشتہ مالی سال 2019.2020 کے دوران ضلع واشک میں پروجیکٹ نیشنل پروگرام برائے تعمیر تالاب ونالیاں فیز II (بلوچستان) کے تحت جن زمینداران/مستفید شدہ کے حق میں تالاب، نالیاں تعمیر کرنے اور فراہمی پی وی سی پائپ 3 اور 4 انچ قطر کی بچھائی پر آمدہ لاگت کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆385 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **13 اکتوبر 2020**

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2018 تا 2020 کے دوران ضلع واشک میں کن کن منصوبوں پر ریسرچ/تحقیق کی گی تفصیل دی جائے۔

وزیر زراعت

اس ضمن میں عرض ہے کہ سال 2020.2018 کے دوران ضلع واشک کیلئے کوئی منصوبہ پیش نہیں کیا جاسکا جبکہ سال 2021 میں ضلع واشک کیلئے خصوصی طور پر زیتون کے درختوں کو لگانے کیلئے منصوبہ زیر عمل ہے جو جلد ہی منظوری کیلئے پیش کردیا جائیگا تاہم اس دوران ڈپٹی ڈائریکٹر ضلع واشک مکمل تندوہی کے ساتھ کھجور کے مختلف بیماریوں اوران تدارک بمعہ کیڑے مکوڑوں پر ریسرچ کا کام کررہے ہیں بلکہ انار، زیتون، پستہ اور انگور کی ورائٹیوں ان کی بیماریوں پر بھی ریسرچ کے ساتھ ساتھ باقی تمام پودوں کی موافقت کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کام کیا جارہاہے جبکہ ریسرچ ونگ کے اعلیٰ حکام گاہے بہ گاہے ضلع واشک کا دورہ بھی کررہے ہیں تاکہ واشک میں زراعت کے شعبہ میں ہونے والے ریسرچ کے کام کا جائزہ لیا جاسکے۔

☆386 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **13 اکتوبر 2020**

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک میں قائم کردہ زرعی فارمز کی کل تعداد کتنی ہے اور یہ کہاں کہاں واقع ہیں نیز ان میں تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت اور تعداد کی فارم وار تفصیل بھی دیجائے

وزیر زراعت

ضلع واشک میں ایک ماڈل فارم قائم ہے جو تحصیل بسیمہ میں واقع ہے میں تعینات کردہ ملازمین کی تفصیل ذیل ہے

۔

1۔محمد ابراہیم	زراعت آفیسر
2۔عبدالواحد	فیلڈ اسسٹنٹ
3۔حمل خان	بیلدار
4۔بہادر خان	بیلدار
5۔مینگل	بیلدار

☆387 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 11 نومبر 2020

کیا وزیر زراعت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک میں موجود بلڈوزروں کی کل تعداد کتنی ہے اور یہ مذکورہ ضلع کے کن کن تحصیلوں میں موجود ہیں ان کے ماڈل اور خریدگی کی سال وار تفصیل دیجائے نیز ان پر تعینات کردہ ڈرائیورز اور کلینرز کے ناموں کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر زراعت

محکمہ زرعی انجینئرنگ، بلوچستان، ضلع واشک میں موجود بلڈوزروں کی کل تعداد 07 ہے اور یہ مذکورہ ضلع کی تحصیل بسیمہ ،واشک، شاہوگڑھی اور ماشکیل میں موجود ہیں نیز ان پر تعینات کردہ ڈرائیوز کے نام، ماڈل اور خرید کی سال وار تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

حال ہی میں محکمہ زراعت میں تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت ،عہدہ، گریڈ اور لوکل/ ڈومیسائل کی ضلعوار تفصیل دی جائے نیز ریکروٹمنٹ کمیٹی کے چیئرمین وممبران کے نام اور عہدہ کی تفصیل بھی دی جائے

کوئٹہ، سیکرٹری،

مورخہ 23 مئی 2021 بلوچستان صوبائی اسمبلی